## قاضی حسین احمد پاکستان کا سرمایہ ہیں اور ملک کو ان جیسے سینئر اور تجربہ کار سیاستداں کی بہت ضرورت ہے۔الطاف حسین

## قاضی حسین احمد کی صاحبزادی سمیعہ راحیل قاضی سے ٹیلیفون پر گفتگو

## سمیعہ راحیل قاضی نے والد کی علالت پر اظہار تشویش اور عوام سے دعائے صحت کی اپیل کرنے پر فون کر کے قاضی حسین احمد اور تمام اہل خانہ کی جانب سے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا

لندن۔۔18 جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے سابق امیر قاضی حسین احمد پاکستان کا سرمایہ ہیں اور ملک کو ان جیسے سینئر اور تجربہ کار سیاستداں کی بہت ضرورت ہے۔انہوں نے یہ بات آج قاضی حسین احمد کی صاحبزادی سمیعہ راحیل قاضی سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔سمیعہ راحیل قاضی نے انکے والد کی علالت پر اظہار تشویش اور عوام سے دعائے صحت کی اپیل کرنے پر فون کر کے قاضی حسین احمد اور تمام اہل خانہ کی جانب سے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔سمیعہ راحیل قاضی نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ہم آپ کے شکرگزار ہیں کہ آپ نے والد صاحب کیلئے عوام سے دعائے صحت کی اپیل کی اور نیک جذبات کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے سمیعہ راحیل قاضی سے قاضی حسین احمد کی خیریت دریافت کی۔سمیعہ راحیل قاضی نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ انکے والد عوام کی دعاؤں کی بدولت تیزی سے روبہ صحت ہورہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے قاضی حسین احمد کی صحتیابی کیلئے دعا کی اور کہا کہ قاضی حسین احمد پاکستان کا سرمایہ ہیں اور ملک کو ان جیسے سینئر اور تجربہ کار سیاستداں کی بہت ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نے عوام سے ایک بار پھر اپیل کی کہ وہ قاضی حسین احمد کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی خالہ زاد بہن محترمہ اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے اپنے تعزیتی پیغامات بھیجنے پر صدر آصف علی زرداری، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اور تمام دیگر شخصیات، کارکنان اور ہمدردوں سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تشکر

لندن۔۔18 جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اور ان تمام دیگر شخصیات، کارکنان اور ہمدردوں کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن محترمہ اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے اپنے تعزیتی پیغامات بھیجے اور جناب الطاف حسین سے ہمدردی کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم کا پنجاب کنونشن 14 فروری بروز اتوار لاہور میں مینار پاکستان پر منعقد ہوگا

## کنونشن پنجاب کی سیاسی تاریخ میں ایک نئی تاریخ رقم کریگا اور پاکستان کی سیاست میں ایک اہم موڑ ثابت ہوگا

## رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، افتخار رندھاوا، سیف یار خان اور ڈاکٹر علی حسین کا لاہور میں پریس کانفرنس میں اعلان

لاہور۔۔18 جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے لاہور میں عظیم الشان پنجاب کنونشن کے انعقاد اور مربوط عوامی رابطہ مہم کے آغاز کا اعلان کردیا ہے یہ کنونشن 14 فروری بروز اتوار مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہوگا۔اس کے ساتھ ہی متحدہ قومی موومنٹ کی عوامی رابطہ مہم کا بھی آغاز کردیا جائے گا۔متحدہ قومی موومنٹ کو توقع ہے کہ یہ کنونشن پنجاب کی سیاسی تاریخ میں ایک نئی تاریخ رقم کریگا اور پاکستان کی سیاست میں ایک اہم موڑ ثابت ہوگا۔اس بات کا اعلان متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن اور صوبائی وزیر رضا ہارون نے دیگر ارکان رابطہ کمیٹی افتخار رندھاوا، سیف یار خان اور ڈاکٹر علی حسین کے ہمراہ پیر کو لاہور پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی اقبال محمد علی خان، اقبال قادری اور صوبائی صحت ڈاکٹر محمد علی شاہ بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم وڈیروں اور جاگیرداروں کے خلاف نہیں بلکہ وڈیرانہ اور جاگیردارانہ سوچ کے خلاف ہے جو عوام کو اپنا غلام اور خود کو حاکم سمجھتے ہیں۔ایک سوال جواب میں انہوں نے کہا کہ 12 مئی کا واقعہ ایم کیوایم کے خلاف ایک سازش تھی جس کے حقائق بعد میں سامنے آئینگے کراچی میں جون 1992 کا آپریشن ہوا تھا جس کے حقائق اب سامنے آئے ہیں اور یہ آپریشن کرنے والے اپنی غلطیوں کا اعتراف کررہے ہیں۔انہوں نے کہا

کہ ایم کیوایم پنجاب میں 1992 سے موجود ہے یہ یہاں اس کا تحریکی اور تنظیمی کام جاری ہے یہ تاثر غلط ہے کہ ایم کیوایم انتخابات کے موقع پر ہی پنجاب میں اپنی سیاسی سرگرمیاں شروع کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی انتخابات میں حصہ لینے کیلئے ایم کیوایم کے پاس دیگر سیاسی جماعتوں سے زیادہ امیدوار ہمیشہ موجود رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اپنے قیام کے روزاول سے ہی ملک بھر کے غریب، محروم، محکوم اور مظلوم عوام کی خوشحالی اور ان کے تمام تر حقوق کے حصول کا مشن لے کر چل رہی ہے اور آج تک اپنے اسی مشن پر سبک رفتاری کے ساتھ گامزن ہے۔ ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام نے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو ان کے حقوق سے محروم کررکھا ہے جب تک پنجاب سمیت پاکستان بھر سے فرسودہ اور جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوتا، ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت میں انقلاب نہیں آسکتا اور ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو ان کے جائز حقوق ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ان دنوں پاکستان کی بقاء وسلامتی کو شدید خطرات لاحق ہیں اور ملک انتہائی نازک دور سے گزررہا ہے جو پاکستان کے ہر شہری کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ ایک سازشی منصوبے کے تحت صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈا کر کے پنجاب کے غریب اور سادہ لوح عوام کے ذہنوں کو نہ صرف خراب کیا گیا بلکہ انہیں گمراہ بھی کیا گیا تا کہ انہیں ایم کیوایم سے دور رکھا جاسکے مگر جھوٹ تو پھر جھوٹ ہوتا ہے جو زیادہ دیر تک نہیں رہتا آج پنجاب کے غریب ومظلوم عوام بھی بڑی تعداد میں قائد تحریک الطاف حسین کے ساتھ ہیں اور ان کے فلسفہ کو عام کررہے ہیں، وقت کا تقاضہ ہے کہ حقوق سے محروم پنجاب کے عوام جو پاکستان کو بچانا چاہتے ہیں وہ ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوجائیں اور انشاءاللہ ایم کیوایم ہی پاکستان کو بچائے گی۔ ایم کیوایم پاکستان کی وہ واحد جماعت ہے جو پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کا مکمل ادراک رکھتی ہے۔ آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستی کی شمع کی کرنیں آزاد کشمیر کے بعد گلگت بلتستان تک پہنچ گئی ہے اور آج آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی اور گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی میں حق پرست نمائندے پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 14 فروری بروز اتوار مینار پاکستان لاہور میں پنجاب کنونشن منعقد ہوگا جس میں پنجاب بھر کے عوام لاکھوں کی تعداد میں شریک ہوں گے۔ اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت تیاریاں پچھلے کئی ہفتوں سے تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم لاہور، ملتان، گجرانوالہ اور راولپنڈی زونوں کی تنظیم نو کا اعلان اور عہدیداروں کی نامزدگی ہوچکی ہے۔ ہم اس پریس کانفرنس کے توسط سے پنجاب کے مزدوروں، کسانوں، ہاریوں، طلبہ وطالبات، خواتین، بزرگوں، ڈاکٹرز، وکلاء، اساتذہ، کھلاڑیوں، فنکاروں غرض ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوکر نہ صرف اسے کامیاب بنائیں بلکہ ایم کیوایم کی اس تحریک کا حصہ بھی بن جائیں جو مستقبل قریب میں ملک بھر کے عوام کی طرح پنجاب کے عوام کے بنیادی، سماجی، سیاسی اور معاشی حقوق کے حصول کیلئے ایک نئے جذبے اور توانائی کے ساتھ شروع کی جارہی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ 14 فروری کو پنجاب میں بھی حق پرستی کا ایک نیا سورج طلوع ہوگا جو نہ صرف پنجاب بھر کو اپنی کرنوں سے منور کردیگا بلکہ قائد تحریک الطاف حسین کی فکر، مقصد، مشن، پروگرام اور ان کے نظریئے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی سے ہی پنجاب کے عوام کو بنیادی حقوق میسر آئیں گے تاہم ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ پنجاب کے عوام کو اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے ایک طویل جدوجہد کرنی ہے لہٰذا جہاں ہم نے پنجاب کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اس پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوں وہاں پنجاب کے عوام سے بھی کہتے ہیں کہ وہ اپنے درمیان سے ایسے لوگوں کو نکالیں اور انہیں پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دیں جو غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے کے علاوہ تعلیم یافتہ بھی ہوں جو اپنے حقوق کے حصول کیلئے ایک طویل جدوجہد کرنے پر یقین اور اس سلسلے میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا عزم رکھتے ہوں۔ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور ہم پنجاب کے مخیّر حضرات سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ پنجاب کنونشن کی تیاریوں اور انتظامات کے سلسلے میں ایم سی بی بینک کے اکاؤنٹ نمبر 1000863 واٹر پمپ برانچ فیڈرل بی ایریا کراچی، برانچ کوڈ نمبر 0073 میں زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں۔

## ایم کیوایم جمہوریت کے تسلسل کو آگے بڑھانے کا عزم رکھتی ہے، ڈاکٹر علی حسین

## ادارہ منہاج القرآن کی امن کونسل کے تحت حمیدالدین المشرقی مرحوم کی یاد میں تعزیتی اجتماع سے خطاب

لاہور۔۔۔18، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور اب پنجاب کے مظلوم عوام نے حق پرستی کی تحریک میں بھرپور جدوجہد کے عزم کا اظہار کر کے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کو ایک دن ضرور جڑ سے اکھاڑ پھینکے گی۔ یہ بات انہوں نے ادارہ منہاج القرآن کی امن کونسل کے تحت حمیدالدین المشرقی مرحوم کی یاد میں منعقدہ تعزیتی اجتماع کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب ملک کا بڑا صوبہ ہے اور یہاں کے عوام جب تک فرسودہ نظام کے خلاف عملی طور پر متحد ہوکر جدوجہد نہیں کریں گے ملک وقوم پر جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ

داروں کی حکمرانی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں حق پرستی کا پیغام تیزی سے پھیل رہا ہے اور پنجاب کے مظلوم عوام نے ایم کیوایم کے خلاف کئے گئے منفی پروپیگنڈوں کو یکسر مسترد کردیا ہے اور وہ اب ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے واقف ہوچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو ماضی میں حق پرستانہ جدوجہد کی پاداش میں ریاستی آپریشن کا نشانہ بنایا گیا لیکن قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ہزاروں بے گناہ کارکنان کے ماورائے عدالت قتل اور مظالم کے باوجود بھی ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے مفاہمتی عمل کو آگے بڑھایا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت اور دانائی کی ہی وجہ سے آج ملک میں جمہوریت ہے اور ایم کیوایم جمہوریت کے اس تسلسل کو آگے بڑھانے کا عزم رکھتی ہے۔تعزیتی اجتماع سے مختلف پارٹیوں کے رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔

## لانڈھی میں ڈکیتی، چوری کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی
## انتظامیہ کی سرپرستی میں شیر پاؤ کالونی کا علاقہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کا گڑھ بن چکا ہے، اظہار مذمت

کراچی۔۔۔18، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی کے علاقے لانڈھی میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی بڑھتی ہوئی ڈکیتی، چوری اور ٹارگٹ کلنگ کی وارداتوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں سے لانڈھی کے عوام اور تاجروں کو فی الفور تحفظ فراہم کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لانڈھی کا علاقہ شیر پاؤ کالونی جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی سرگرمیوں کا گڑھ بن چکا ہے اور یہاں سے جرائم پیشہ عناصر نکل کر ڈکیتیوں، اغواء برائے تاوان کی وارداتیں منشیات فروشی اور ٹارگٹ کلنگ کے گھناؤنے جرائم کررہے ہیں جس سے لانڈھی کے امن پسند حلقوں میں گہری تشویش پائی جارہی ہے اور وہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کے باعث شدید عدم تحفظ کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ہفتے بھی لانڈھی کی بابر مارکیٹ کے دکانداروں اور تاجروں نے ڈکیتوں کی وارداتوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا تھا اور دہشت گردوں کے مذموم عزائم کی نہ صرف کھل کر مذمت کی بلکہ ان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ بھی کیا لیکن یہ بات انتہائی افسوسناک ہے کہ دکانداروں اور تاجروں کے احتجاج کو بھی نظر انداز کردیا گیا اور آج بھی لانڈھی کے تاجر اور عوام جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ شیر پاؤ کالونی میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی سرگرمیوں کی واضح نشاندہی کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جارہی ہے جبکہ انتظامیہ الٹا ڈکیتیوں اور لوٹ مار کے خلاف احتجاج کرنے والے عوام کو ہراساں کررہی ہے جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو پولیس و انتظامیہ کی مکمل سرپرستی حاصل ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ لانڈھی میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور جرائم پیشہ دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کرکے عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## صوبہ بلوچستان کے ضلع بولان کے متعدد نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## ضلع بولان سے ہم حق پرستی کے پرچم بلند کریں گے اور ملک بھر میں پھیلائیں گے، شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد کے جذبات

کوئٹہ۔۔۔18، جنوری 2010ء

صوبہ بلوچستان کے ضلع بولان کے متعدد نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم ضلع بولان کے تحت ضلعی آفس بھاگ میں منعقدہ اجتماع میں کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبہ بلوچستان ضلع بولان کے آرگنائزر مشتاق احمد کلواڑ اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنیوالوں میں احسان احمد مغیری، جمال الدین مغیری، عبدالمالک، نظام الدین مغیری، حضور بخش، قربان علی، عبدالحلیم مغیری، عبدالحفیظ، محمد عمر، کریم بخش، عمران خان، عطاء اللہ، نادر خان، غلام محمد، نور محمد، خالد حسین مغیری، شکیل احمد اور خلیل احمد جمالی شامل ہیں۔اجتماع میں ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ملک کی بڑی سیاسی جماعتوں کو آزما چکے ہیں جنہوں نے انتخابات میں ووٹ لینے کے بعد غریب عوام کی خوشحالی کیلئے کوئی کارنامے انجام نہیں دیئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد کا مقصد ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام کے حقوق کا حصول ہے اور اس جدوجہد میں ضلع بولان سے ہم حق پرستی کے پرچم کو بلند کریں گے اور

اسے ملک بھر میں پھیلائیں گے۔ایم کیوایم ضلع بولان کے آرگنائزر مشتاق احمد کلواڑ نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیر مقدم کیا اوران کی شمولیت کوحق پرستی کی تحریک کیلئے نیک شگون قرار دیا۔

## جماعت اسلامی کے رہنما اپنی آنکھوں سے عصبیت کی عینک اتاریں،ارکان صوبائی اسمبلی
## شہری حکومت کی کارکردگی کوکرپشن،اقربا پروری لوٹ مار سے تعبیر کرنے والے ترقی وخوشحالی پرکاری ضرب لگانے کا عمل بندکریں
## جماعت اسلامی حق پرست قیادت کومسلسل تنقید کا نشانہ بنانے میں اس حد تک گرچکی ہے کہ اسے اپنے کھلے جھوٹ پرشرمندگی بھی محسوس نہیں ہورہی ہے

کراچی۔۔۔18،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے جماعت اسلامی کے سابق ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے بیان پرتبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی اوراس کے رہنما اپنی آنکھوں سے عصبیت کی عینک کواتاریں اورشہری حکومت کی حق پرست قیادت کی 4 سالہ کارکردگی کوکرپشن،اقربا پروری،لوٹ مار اور ناجائز کمیشن سے تعبیر کرنے والے شہر کی ترقی وخوشحالی پر کاری ضرب لگانے کا عمل بندکریں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جانب سے شہری حکومت کی حق پرست قیادت اوراس کی جانب سے کرائے جانے والے بلاتفریق ترقیاتی وتعمیراتی کاموں کی تعریف کرنے کے بجائے جس طرح سے تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے وہ جماعت اسلامی اوراس کے رہنماؤں کی جانب سے نہ صرف ایم کیوایم بلکہ کراچی اوراس کے عوام سے کھلی دشمنی کوظاہر کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ شہری حکومت کی حق پرست قیادت کی مختصراورشاندارکارکردگی جماعت اسلامی اور اس کے رہنماؤں کی آنکھوں میں چبھ رہی ہے اوروہ ماضی میں الخدمت گروپ کے ناظم اعلیٰ نعمت اللہ کی ناقص کارکردگی پرتبصرے اور بیانات دینے کے بجائے عوامی خدمت کا جذبہ لیکرمیدان میں آنے والی حق پرست قیادت کومسلسل تنقید کا نشانہ بنانے میں اس حد تک گرچکی ہے کہ اسے اپنے کھلے جھوٹ پربھی شرمندگی محسوس نہیں ہورہی ہے۔

## انقلاب ماتری اورغلام ربانی آگرو کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔18 جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گجراتی روزنامے کے پبلشر وسینئرصحافی انقلاب ماتری اورممتاز سندھی دانشور ومحقق غلام ربانی آگرو کے انتقال پردلی افسوس کا ظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومین کی شاندارقومی خدمات کوسراہتے ہوئے انکے لئے دعائیں مغفرت کی ہے اورلواحقین سے تعزیت اظہار کیا ہے۔

## لندن،شیفلڈ اور برمنگھم میں ایم کیوایم کے زیراہتمام قرآن خوانی کے اجتماعات
## الطاف حسین کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں،جاوید کاظمی کے چھوٹے بھائی اور
## عظمت قائم خانی کی خوشدامن کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی

لندن۔۔۔18جنوری2010ء

ایم کیوایم برطانیہ کے زیراہتمام لندن میں قرآن خوانی کا اجتماع ہوا جس میں قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم،رابطہ کمیٹی کے رکن جاوید کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر حسین کاظمی اورایم کیوایم برطانیہ کے کارکن عظمت قائمخانی کی خوشدامن عنایت بانو کی ارواح کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین محمد انور،جاوید کاظمی،انیس احمد ایڈوکیٹ،طارق جاوید،قاسم علی رضا،ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین،مختلف یونٹوں کے ذمہ داران اورکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں مرحومین اورایم کیوایم کے تمام شہداء کے بلند درجات،سوگوارلواحقین کے لئے صبرجمیل اورحق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وعافیت کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔علاوہ ازیں ایم کیوایم شیفلڈ اور برمنگھم یونٹ کے زیراہتمام بھی قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔

## جماعت اسلامی کے نائب امیر پروفیسر عبدالغفور کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جماعت اسلامی کے نائب امیر پروفیسر عبدالغفور سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے پروفیسر عبدالغفور سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے اور اللہ کے حضور مرحومہ کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## 22، جنوری کو اسٹیٹ لائف کارپوریشن میں ہونیوالے الیکشن سے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کا اظہار لاتعلقی

کراچی۔۔۔18، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن نے 22 جنوری کو اسٹیٹ لائف کارپوریشن میں ہونے والے الیکشن سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں کی مرکزی کمیٹی کے انچارج اور سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کے الیکشن میں ایم کیو ایم نے کسی بھی یونین کی حمایت کا اعلان نہیں کیا ہے لہٰذا جو یونین ادارے کے محنت کشوں کے بلاتفریق رنگ ونسل وامتیاز مسائل کے حل کا عزم رکھتی ہو حق پرست محنت کش ووٹرز الیکشن میں اسی یونین کے حق میں اپنا قیمتی ووٹ استعمال کریں اور اسے ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔

## ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 182 کے کارکن ابرار کی والدہ محترمہ شمیم اختر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆